106452 - حیض سے طہارت میں شک ہونے کے باوجود روزہ رکھ لیا

سوال

ایک عورت کو حیض سے پاک ہونے میں شک تھا اس نے روزہ رکھ لیا اور جب صبح ہوئی تو وہ یقینی طور پر پاک تھی کیا اس کا یہ روزہ صحیح ہو گا یا نہیں کیونکہ روزہ رکھتے وقت تو اسے پاک ہونے میں شک تھا ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

اس کا روزہ صحیح نہیں، بلکہ اسے اس دن کی قضاء میں روزہ رکھنا ہو گا، اس لیے کہ اصل میں حیض باقی ہے، اور اس کا حیض سے پاک ہونے میں شک کے باوجود روزہ رکھنا اور عبادت میں داخل ہونا صحیح نہیں کیونکہ یہ اس کے صحیح ہونے میں مانع ہے " انتہی

فضیلۃ الشیخ محمد بن عثیمین رحمہ اللہ..